لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم رجب المرجب سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء	نمبر ۴

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت منشی وزیر احمد ہیڈ نقشہ نویس کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور فرمایا گیا لیکن اس رقم اضافہ میں سے دس روپیہ ماہوار سے نامبردہ مستفیض ہونگے۔ اور بقیہ پندرہ روپیہ ماہوار دختر و بیوہ منشی احمد ہیڈ نقشہ نویس متوفے کو ایگزیکٹو انجنیر باطلیان خود تقسیم کرا دینگے۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	اضافہ وزیر احمد ہیڈ نقشہ نویس	۱
۲	رخصت ابو محمد عبدالقیوم	۲
۳	انتظام سلسلہ شفاخانہ مولوی احمد امین صاحب	۲
۴	اضافہ مرزا بخش شاہ علی محرر	
۵	تقرری کارکن سررشتہ تقسیم جیل و میڈیکل ... ضلع	
۶	رخصت ڈاکٹر شفاخانہ جیل	
۷	اسپیشل مجسٹریٹ صاحب درجہ دوم	
۸	انتظام سلسلہ مولوی حافظ ... صاحب	
۹	تبادلہ منشی شفیق احمد و منشی راحت شاہ کلرک	
۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

مزید رخصت چہ ماہ عبدالقیوم رکارڈ کیپر سکریٹریٹ کی بانتظام سابقہ منظور ہوئی۔ بابو برج باسی لال یکم جنوری سنہ ۱۹۲۵ء سے دس روپیہ ماہوار الاؤنس پائین گے۔ اور بیس روپیہ بابو عبدالقیوم کی تنخواہ کے بچت مین رہین گے۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

بسلسلۂ منظوری استعفا مولوی احد امین مدرس درجہ دوم مدرسۂ عالیہ۔ امتحانات چند ماہ کے واسطے حسب ذیل انتظام اجلاس ہمایون سے منظور فرمایا گیا ہے۔

(۱) مولوی احد امین کی بجائے مولوی معز اللہ خان مدرس درجہ سوم حال مشاہرہ دار چالیس ماہوار باضافہ دس روپیہ ماہوار مدرس درجۂ دوم بمشاہرہ پچاس روپیہ۔ اور

(۲) مولوی وزیر محمد خان مدرس درجۂ پنجم حال مشاہرہ دار تیس روپیہ بجائے معز اللہ خان مدرس درجۂ سوم کے باضافہ دس روپیہ ماہوار مدرس درجۂ سوم۔ اور

(۳) مولوی افضال الحق مدرس درجۂ ششم حال مشاہرہ دار چوبیس روپیہ ماہوار باضافہ چھ روپیہ ماہوار مدرس درجۂ پنجم۔ اور

(۴) محمد یوسف خان پسر مولوی احد امین مستعفی کا تقرر بہ تنخواہ چوبیس روپیہ ماہوار مولوی افضال الحق مدرس درجۂ ششم کی جگہ

لہذا

حکم ہوا کہ

برائے اندراج گزٹ پاس مہتمم صاحب مطبع کے مرسل ہو

صاحب جوڈیشل سکریٹری

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ حضور تحصیل۔ مرزا شمشاد علی محرر جوڈیشل کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ خوش اسلوبی کار۔ و ملازمت دیرینہ منظور ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

سررشتۂ تعلیم جیل۔ میڈیکل ڈپارٹمنٹ اور مطبع کا کام پیشکار مولوی سید احمد پیشکار شیر قانونی کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل حکم ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ اسٹیٹ سرجن صاحب ڈاکٹر مدن موہن لال متعینۂ شفاخانہ جیل کی رعایتی رخصت یکماہ بوجہ علالت منظور ہوئی۔ ایام رخصت مین ڈاکٹر احمد علی خان حسب تجویز اسٹیٹ سرجن صاحب رخصتی کا کام انجام دینگے۔

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سید رجب علی صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی رخصت [illegible] بغرض ضرورت دو ماہ کی وطن منظور ہوئی۔ صاحب چیف مجسٹریٹ ایام رخصت مین اسپیشل مجسٹریٹ صاحب کے کام کا انتظام فرمادینگے۔

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر
واقع ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حافظ فدا احمد پیشکار افسر صاحب محلات معلے کا انتقال ہو گیا۔ انکو سولہ روپیہ تنخواہ ملتی تھی افسر صاحب موصوف انکی جگہ ضیا احمد نسبت حافظ فدا احمد کا تقرر چاہتے ہیں۔ یہ کام صیغہ ڈیوڑھیات کا ہے جہان ایک معتبر آدمی کی ضرورت ہے۔ لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے

۱۔ مرزا محمد رضا بیگ اہلدیاری پوشاک ڈیوڑھیات و محلات معلے جو معمر و شریف و دیرینہ ملازم ہیں باضافہ ایک روپیہ ماہواری بعہدہ پیشکاری مقرر ہوں۔

۲۔ انکی بجائے سید سکندر علی محرر گاؤخانہ باضافہ ایک روپیہ ماہواری اہلدیاری پوشاک اجلاس افسر صاحب محلات معلے میں مقرر ہوں۔

۳۔ شیو پرشاد محرر ڈیوڑھیات جو دیرینہ ملازم ہے اور مدت سے اُسنے اضافہ نہیں پایا ہے۔ ایک روپیہ ماہواری اُسکی موجودہ تنخواہ میں اضافہ کیا جائے۔

۴۔ علی رضا خان محرر اصطبل بجائے سید سکندر علی محرر گاؤخانہ میں انکی موجودہ مشاہرہ پر تبدیل کیا جائے۔ اصطبل میں اب کام پہلے کی بنسبت کم ہو گیا ہے۔ بنڈ علیحدہ ہو گئی ہے۔ باوجودیکہ تخفیف میں آ گیا ہے گاڑیاں گھوڑے نیلام ہو کر کام نصف حصہ کم ہو گیا ہے۔ علی رضا خان کا کام دوسرے محرران و اہلکاران موجودہ پر افسر صاحب اصطبل تقسیم کر دیں علی رضا خان کی جگہ تخفیف کر دیجائے۔

حکم ہوا کہ

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ہر شخص جائے مبدلہ پر حاضر ہو کر چارج اپنا لیلے۔ متوفے کا نام خارج کیا جائے۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت
واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

منشی شفیق احمد نائب کلرک دفتر ہذا اور منشی رادھے شیام اکاؤنٹنٹ کلرک محکمہ تعمیرات کا باہمی تبادلہ موجودہ تنخواہ پر بنظر انتظام مناسب تجویز کیا جاتا ہے۔ صاحب ایگزیکٹیو انجینیر جو کام مناسب سمجھیں گے منشی شفیق احمد کے سپرد کر دینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض اجراء احکام محکمہ صدر کو مرسل ہو۔ صاحب ایگزیکٹیو انجینیر کو محکمہ صدر سے اطلاع دیجائیگی۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے جسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود اُس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ۱۲/ ہے۔

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ضمنات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے

قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منضم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ ۲۶ جنوری ۱۹۲۵ء جلد ۲

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ جنوری ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ا	۶۰ ا		۶۰ ا	۶۰۶ ا	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵۰ ا	۵ ا		۵ ا	۸ ا	۹ ا	
نخود کستہ آمیز	۹۰ ا	۹ ا		۸۰ ا	۰	۱۰ ا	
کت	۹۰ ا	۰		۸۰ ا	۰	۱۰ ا	
ماش	۷ ا	۷۰ ا		۷۰ ا	۷ ا	۷ ا	
مونگ	۱۴ ا	۰		۰	۰	۷ ا	
مکا	۹۰ ا	۸ ا		۸ ا	۱۰ ا	۹ ا	
جئی	۹ ا	۰		۸ ا	۰	۱۱ ا	
گوجئی	۷ ا	۰		۰	۰	۹ ا	
عدس	۹ ا	۰		۷ ا		۹ ا	
ارہر	۱۰ ا	۰		۰	۰	۱۰ ا	
برنج	۴۰ ا	۴۰ ا		۵۰ ا		۵ ا	
روغن زرد	۰ ا	۰ ا		۰ ا	۰ ا	۰ ا	
روغن سیاہ	ط ا	ط ا		ا ا	ط ا	ط ا	
روغن کنجد	ا ا	ا ا		۵ ا	ا ا	ا ا	
نمک سانبھر	۱۲ ا	۱۰ ا		۱۰ ا	۱۱ ا	۱۱ ا	
نمک لاہوری	۷ ا	۶ ا		۵ ا	۰	۶ ا	
قند سیاہ	۳ ا	۳ ا		۲ ا	۰	۲ ا	
باجرہ	۵ ا	۵ ا	۰	۵۰ ا	۰	۵ ا	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور